

تاب کاری ادویہ کے ہندنژاد امریکی پروفیسر وویک رنگ نیکر اور یونیورسٹی آف کنٹکی کے کالج آف میڈیسن کے محققین کی ایک ٹیم نے ایک چوہے میں تبدیلی کر کے اسکے مثانے میں ٹیومر کو دبانے والی ایک جین داخل کر دی ہے جسے ''پار۔فور'' کہتے ہیں۔ ان لوگوں نے یہ دریافت کیا ہے کہ یہ جین عام خلیوں پر اثر انداز نہیں ہوتی البتہ سرطان کے خلیوں کو مار ڈالتی ہے۔ اب انسانوں پر اس پیش قدمی کا اطلاق کرنے کیلئے تحقیق شروع کی گئی ہے جس میں کیموتھراپی اور تاب کاری کے منفی اثرات کے بغیر سرطان سے لڑنے کی اس جین کی صلاحیت کو استعمال کیا جا رہا ہے۔

تصاویر بشکریہ وویک رنگ نیکر

بشکریہ اسکاٹ کگلے

فل برائٹ کے ''جنوبی ایشیا' مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ'' بین علاقہ جاتی مطالعہ پروگرام سے وابستہ ایک سینئر ریسرچ اسکالر اسکاٹ کگلے حیدرآباد میں سکونت گیر ہیں جہاں انہوں نے ایک منصوبہ ''تکثیریت کی طرف مبارک سفر'' شروع کیا ہے۔ اس منصوبے میں اطلاعاتی ٹکنالوجی کے اس پھولتے پھلتے مرکز میں مذہبی تکثیریت پسندی کی تفصیلات بیان کی جا رہی ہیں۔ http://www.fulbright-india.org/



پریس انفارمیشن بیورو، حکومت ہند

خبر منظر

نائب صدر جمہوریہ ہند محمد حامد انصاری ۱۱ر دسمبر کو نئی دہلی میں اپنی رہائش گاہ پر 'دی اسٹیٹ آف انڈیاز ڈیموکریسی' نامی کتاب کی رسم اجرا ادا کرتے ہوئے۔ اس کتاب کے شریک مصنف انڈیانا میں بلیومنگٹن کی انڈیانا یونیورسٹی میں پولیٹیکل سائنس کے ہندنژاد امریکی پروفیسر سمیت گنگولی (دائیں) اور اسٹین فورڈ یونیورسٹی میں سینئر فیلو پروفیسر لیری ڈائمنڈ (بائیں) اور نیشنل انڈاومنٹ فار ڈیموکریسی میں تحقیق و مطالعہ کے نائب صدر مارچ ایف. پلیٹنر ہیں۔ اس کتاب میں ہندوستان کی آزادی اور اس کے بعد جمہوریت میں اس کے تبدیل ہونے کے ۶۰ برسوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

امریکہ کے سابق نائب صدر الگور (بائیں) اور ہندوستانی سائنسداں راجندر کے. پچوری ۱۰ر دسمبر کو اوسلو' ناروے میں ۲۰۰۷ کا نوبل امن انعام حاصل کرنے کے بعد۔ عالمی حدت کے بارے میں بیداری پھیلانے کے لئے الگور کو یہ انعام پچوری کی قیادت میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کے بین حکومتی پینل کے ساتھ دیا گیا ہے۔ اس پینل میں امریکہ، ہندوستان اور دیگر ملکوں کے سیکڑوں سائنسداں شامل ہیں۔

جان میک کونیکو © اے پی ڈبلیو ڈبلیو پی

نئی دہلی میں ۱۰ر فروری کو ''واک فار لائف'' دوڑ ہوگی جس میں شریک ہونے کے لئے http://www.walkforlifeindia.org/ پر اندراج کیا جا رہا ہے۔ اس دوڑ کا اہتمام کین سپورٹ گروپ نے امریکن ویمنس ایسوسی ایشن اور امریکی سفارت خانہ کی مدد سے کیا ہے۔ پانچ کلومیٹر کی اس دوڑ کا مقصد پستان کے سرطان سے متعلق بیداری پیدا کرنا اور مریضوں کے علاج اور دیکھ بھال کیلئے فنڈ اکٹھا کرنا ہے۔

The American Center
supports
STRIDE AGAINST BREAST CANCER
Walk for Life
Sunday, 10th February 2008
New Delhi, India
REGISTER NOW
To raise awareness about Breast Cancer at
www.walkforlifeindia.org
Phone: +91 11 26102851/69
CANSUPPORT